نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ اصلاح آبپاشی اور نیشنل بینک آف پاکستان کے مابین ایم او یو پر دستخط

کاشتکاروں کو جدید نظام آبپاشی کی تنصیب کے فروغ کے لئے نیشنل بینک آسان شرائط پر قرضہ کی سہولت فراہم کرے گا۔ڈائریکٹر جنرل (اصلاح آبپاشی) پنجاب ملک محمد اکرم

لاہور23اگست 2021:( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا ہے کہ کاشتکاروں کو جدید نظام آبپاشی کی تنصیب کے لئے آسان شرائط پر قرضہ جات کی فراہمی کے لئے زراعت ہاؤس لاہور میں شعبہ اصلاح آبپاشی اور نیشنل بینک آف پاکستان کے مابین ایم او یو پر دستخط ہوئے جس کی رو سے نیشنل بینک آف پاکستان ایسے کاشتکاروں کو آسان قرضہ کی سہولت فراہم کرے گا جو محکمہ زراعت پنجاب کے شعبہ اصلاح آبپاشی کے تحت ڈرپ / سپرنکلر نظام آبپاشی اور سولر سسٹم کی تنصیب کروائیں گے۔یاد رہے شعبہ اصلاح آبپاشی کاشتکاروں کو ڈرپ و سپرنکلر نظام آبپاشی پر 60 فیصد سبسڈی جبکہ سولر نظام آبپاشی پر 50 فیصد سبسڈی فراہم کر رہا ہے۔ترجمان نے مزید بتایا کہ نیشنل بینک پاکستان کاشتکاروں کے ذمہ باقی رقم کی ادائیگی کے لئے آسان شرائط پر قرضہ فراہم کرے گا جس سے جدید نظام آبپاشی کی تنصیب کو فروغ حاصل ہوگا۔اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل (اصلاح آبپاشی) ملک محمد اکرم نے کہا کہ نیشنل بینک پاکستان کا یہ قدم اس اعتبار سے خوش آئند ہے کہ کاشتکاروں کو جدید نظام آبپاشی کی تنصیب کے لئے اپنے حصّہ کی رقم باآسانی میسر آئے گی جس سے جدید نظام آبپاشی کو فروغ، پانی کی بچت اور فی ایکڑ زرعی پیداوار میں اضافہ ممکن ہو سکے گا۔تقریب میں ڈائریکٹر جنرل (اصلاح آبپاشی) ملک محمد اکرم اور گروپ چیف نیشنل بینک آف پاکستان رحمت علی حسنی نے معاہدہ پر دستخط کئے۔تقریب میں ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب محمد رفیق اختر اور نیشنل بینک کے نمائندگان فواد محسن، ونگ ہیڈ ممتاز فاروق، محمد اکبر اشرف، یاسر ملک، ڈاکٹر خرم شہزاد، ڈاکٹر زاہد اقبال اور اعجاز ماجد نے شرکت کی

☆☆☆☆